e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
اودھ نامہ
avadhnama
Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 288 Monday , July 20 2026 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۵) شمارہ نمبر(۲۸۸) لکھنؤ، بروز پیر ۲۰-جولائی ۲۰۲۶ء، مطابق ۵-صفر المظفر -۱۴۴۸ھ صفحات-۸

## سی جے پی کے پارلیمنٹ مارچ کو اجازت نہیں

نئی دہلی: (ایجنسی) کا کروچ جنتا پارٹی نے 20 جولائی کو جنتر منتر سے پارلیمنٹ تک مارچ کا اعلان کیا ہے، لیکن دہلی پولیس نے کہا ہے کہ مارچ کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ پولیس بولی: مانگیں گے تب بھی نہیں دیں گے۔ پولیس کے مطابق پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس شروع ہونے کے پیش نظر علاقے میں سخت سکیورٹی اور کثیر سطحی بیریکیڈنگ کی جائے گی۔ قابل ذکر بات ہے کہ دوپہر میں کمشنر نے عہدہ سنبھالا، رات کو میٹنگ ہوئی اور صبح وانگ چک کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ وانگ چک نیٹ پیپر لیک معاملے میں جواب دہی طے کرنے اور وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے کے مطالبے پر بھوک ہڑتال کر رہے تھے۔ سونم وانگ چک کو اسپتال منتقل کیے جانے کے بعد اب سی جے پی کے بانی ابھجیت دیپکے نے بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے۔ سی جے پی نے 20 جولائی کو جنتر منتر سے پارلیمنٹ تک مارچ کرنے کا اعلان کیا ہے۔

## خرم پرویز اور صحافی عرفان مہراج کو یو اے پی اے کیس میں ملی ضمانت

نئی دہلی: دہلی کی پٹیالہ ہاؤس کورٹ نے یو اے پی اے کیس میں کشمیری انسانی حقوق کے کارکن خرم پرویز اور صحافی عرفان مہراج کو ضمانت دے دی ہے۔ پرنسپل اینڈ سیشن جج پیتامبر دت نے ان کی ضمانت پر رہائی کا حکم دیا۔ یہ ضمانتی حکم خرم پرویز کی رہائی کا راستہ صاف کرتا ہے۔ اس سے قبل دہلی ہائی کورٹ نے خرم پرویز کو دہشت گردی کی فنڈنگ کیس میں ضمانت دی تھی۔ جسٹس نوین چاولہ کی سربراہی میں تعطیلاتی بنچ نے ضمانت منظور کی۔ ہائی کورٹ نے نوٹ کیا کہ خرم پرویز چار سال سے زائد عرصے سے زیر حراست ہیں اور ٹرائل جلد مکمل ہونے کا امکان نہیں ہے۔ ہائی کورٹ نے کہا کہ خرم پرویز 2004 میں بارودی سرنگ کے دھماکے میں اپنی ٹانگ کھو بیٹھے۔ وہ جسمانی طور پر کمزور ہیں اور انہیں خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ ہائی کورٹ نے خرم پرویز کو حکم دیا کہ وہ اپنا پاسپورٹ سرنڈر کریں اور عدالتی اجازت کے بغیر دہلی سے باہر سفر نہ کریں۔

## پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس سے قبل کل جماعتی اجلاس۔۔۔

# ٹی ایم سی کے باغی اراکین کو شامل کرنے پر اپوزیشن برہم

### این سی پی آئی کو میٹنگ میں مدعو کیے جانے کی مخالفت میں اپوزیشن کا علامتی واک آؤٹ، اس معاملے پر لوک سبھا اسپیکر کا حتمی فیصلہ اب بھی زیر التوا ہے



نئی دہلی (ایجنسی) پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس سے قبل بلائی گئی آل پارٹی میٹنگ میں اپوزیشن جماعتوں نے متحد ہو کر حکومت کے خلاف احتجاج کیا۔ ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) کی رکنِ پارلیمنٹ مہوا موئترا نے الزام عائد کیا کہ میٹنگ میں پارٹی کے مبینہ باغی اراکین پارلیمنٹ کو مدعو کیے جانے کے خلاف اپوزیشن جماعتوں نے واک آؤٹ کیا۔ مہوا موئترا نے صحافیوں سے کہا کہ کانگریس، سماجوادی پارٹی، ڈی ایم کے، عام آدمی پارٹی، نیشنل کانفرنس، بائیں بازو کی جماعتوں اور شیو سینا (یو بی ٹی) سمیت کئی اپوزیشن جماعتوں نے میٹنگ سے باہر نکلنے کا فیصلہ کیا۔ اپوزیشن کا الزام تھا کہ ایک غیر تسلیم شدہ گروپ کو میٹنگ میں جگہ دی گئی، جبکہ لوک سبھا ٹیبل آفس کی فہرست میں آل انڈیا ترنمول کانگریس کے 28 اراکین پارلیمنٹ درج ہیں۔ موئترا نے سوال اٹھایا کہ پارلیمانی امور کے وزیر نے پارٹی کے 20 مبینہ باغی اراکین پارلیمنٹ کو کس بنیاد پر میٹنگ میں مدعو کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان اراکین کے انضمام کو اب تک لوک سبھا اسپیکر کی منظوری نہیں ملی ہے اور ان کے خلاف دائر 20 نااہلی کی درخواستیں اب بھی زیر التوا ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آئین کی 91ویں ترمیم کے بعد الگ گروپ کی بنیاد پر کسی دھڑے کو تسلیم کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

کانگریس کے راجیہ سبھا رکن جے رام رمیش نے 'ایکس' پر لکھا کہ "تمام اپوزیشن جماعتوں نے کل جماعتی اجلاس سے چند منٹ کے لیے واک آؤٹ کیا۔ یہ مودی حکومت کی جانب سے این سی پی آئی کو کل جماعتی اجلاس میں مدعو کیے جانے کے خلاف تھا۔ این سی پی آئی فی الحال ٹی ایم سی کے 20 'باغی' اراکین پارلیمنٹ کا عارضی ٹھکانہ بنی ہوئی ہے، جبکہ اس معاملے پر لوک سبھا اسپیکر کا حتمی فیصلہ اب بھی زیر التوا ہے۔" کانگریس رکن پارلیمنٹ پرمود تیواری نے بھی اپوزیشن کے واک آؤٹ پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس نے آئین کے تحفظ اور عام آدمی پارٹی، ترنمول کانگریس اور شیو سینا کی حمایت میں یہ قدم اٹھایا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی معاملے میں حتمی فیصلہ آنے سے پہلے کوئی نتیجہ نکال لینا مکمل طور پر غیر آئینی ہے۔

اجلاس کے بعد سماجوادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ دھرمیندر یادو نے بھی حکومت پر الزامات عائد کیے۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ایم سی رہنماؤں نے میٹنگ میں یہ سوال اٹھایا کہ سرکاری طور پر تسلیم شدہ ترنمول کانگریس کے اراکین پارلیمنٹ کے بجائے پہلے مبینہ باغی اراکین کی فہرست کیوں دکھائی گئی۔ انہوں نے اسے حکومت کا غیر جمہوری اقدام قرار دیا۔ کل جماعتی میٹنگ سے اپوزیشن کے واک آؤٹ پر جھارکھنڈ مکتی مورچہ (جے ایم ایم) کی رکن پارلیمنٹ مہوا ماجی نے کہا کہ آج ملک میں مختلف طریقوں سے اراکین پارلیمنٹ کو لالچ دے کر سیاسی جماعتوں کو منصوبہ بند انداز میں توڑا جا رہا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ مہاراشٹر میں بغاوت کرنے والے اراکین پارلیمنٹ کو کل جماعتی میٹنگ میں بلایا گیا، جبکہ اسپیکر نے اب تک انہیں باضابطہ طور پر تسلیم نہیں کیا ہے۔

مہوا ماجی نے حلقہ بندی کے معاملے کا بھی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اگر 2011 کی مردم شماری کی بنیاد پر حلقہ بندی کی جاتی ہے تو جھارکھنڈ جیسے ریاستوں میں درج فہرست قبائل (ایس ٹی) کے لیے مخصوص نشستوں میں نمایاں کمی آ سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت یہ یقین دہانی کرائے کہ کسی بھی ریاست کی نشستیں کم نہیں ہوں گی اور تمام اپوزیشن جماعتیں اس پر متفق ہوں، تو ان کی جماعت اپنے موقف پر دوبارہ غور کر سکتی ہے۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ اب تک اس معاملے پر کوئی بات چیت نہیں ہوئی ہے۔

### رجیجو نے پارلیمنٹ چلانے میں اپوزیشن سے تعاون کی اپیل کی



نئی دہلی (یو این آئی) پارلیمنٹ کے مانسون سیشن سے پہلے اتوار کو یہاں منعقدہ کل جماعتی میٹنگ میں حکومت نے اپوزیشن سے ایوان کی کارروائی خوش اسلوبی سے چلانے میں تعاون کی اپیل کرتے ہوئے یقین دلایا ہے کہ ان کے تمام مسائل پر بحث کرائی جائے گی اور سیشن کے دوران لائے جانے والے بلوں کی معلومات بھی اپوزیشن جماعتوں کو پہلے سے دی جائے گی تقریباً تین گھنٹے تک جاری رہنے والے اجلاس کے بعد پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ آل پارٹی میٹنگ اچھے اور خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں تمام سیاسی جماعتوں نے اپنی تجاویز اور خیالات رکھے۔ حکومت نے تمام تجاویز کو سنجیدگی سے سنا ہے اور ان پر غور کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی جمہوریت میں ہر پارٹی کو اپنی بات رکھنے کی مکمل آزادی ہے اور حکومت چاہتی ہے کہ پارلیمنٹ کی کارروائی ہموار طریقے سے چلے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اپوزیشن کی طرف سے اٹھائے جانے والے تمام مسائل پر بحث کے لیے تیار ہے۔ مانسون سیشن کے لیے فی الحال آٹھ بلوں کو درج کیا گیا ہے اور اگر کوئی اضافی قانون سازی کا کام ہوگا تو پارلیمانی روایات کے مطابق اس کی معلومات بھی پہلے سے سیاسی جماعتوں کو دے دی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ کی کارروائی میں خلل ڈالنے سے کسی کو سیاسی فائدہ نہیں ملتا، بلکہ جمہوریت متاثر ہوتی ہے اور عوام کا وقت اور پیسہ ضائع ہوتا ہے۔ ترنمول کانگریس سے الگ ہونے والے 20 ارکان پارلیمنٹ کو آل پارٹی میٹنگ میں مدعو کرنے پر اپوزیشن کے واک آؤٹ سے متعلق سوال پر مسٹر رجیجو نے کہا کہ ان ارکان پارلیمنٹ نے لوک سبھا اسپیکر سے نیشنل سٹیزنز پارٹی آف انڈیا کے طور پر منظوری دینے کی درخواست کی ہے، جس پر غور کیا جا رہا ہے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ کسی بھی رکن پارلیمنٹ کو اس کے حقوق سے محروم نہ کیا جائے اور اسی وجہ سے تمام ارکان پارلیمنٹ کو اجلاس میں مدعو کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران کچھ جماعتوں کے رہنماؤں کے درمیان آپسی سوال و جواب بھی ہوئے۔ میٹنگ کے دوران جنتا دل (یو) کے کارگزار صدر سنجے جھا نے مغربی ایشیا کی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہاں کے حالات وزیر اعظم نریندر مودی نے پیدا نہیں کیے ہیں، لیکن بحران کے وقت ان کی قیادت اور انتظام قابل تعریف رہا ہے۔

## شدید بارش اور سیلاب سے جموں و کشمیر میں خوفناک تباہی

# پونچھ میں اچانک آنے والے سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے 16 افراد جاں بحق



سری نگر (ایجنسی) جموں و کشمیر میں مسلسل اور شدید بارش کے باعث بڑے پیمانے پر تباہی مچی ہے۔ ضلع پونچھ میں فلیش فلڈ (اچانک آنے والے سیلاب) اور لینڈ سلائیڈنگ کے مختلف واقعات میں اب تک 16 افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوئی ہے، جبکہ متعدد افراد کے لاپتہ ہونے کی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں۔ جموں خطے کے سرحدی اضلاع پونچھ اور راجوری میں اتوار کی صبح ہونے والی موسلا دھار بارش اور مختلف مقامات پر آنے والے اچانک سیلاب نے بڑے پیمانے پر تباہی مچائی ہے، جس کے نتیجے میں پونچھ اور راجوری میں بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں۔ انتظامیہ کے مطابق ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ برقرار ہے اور امدادی و بچاؤ کارروائیاں تیزی سے جاری ہیں۔ سب سے زیادہ نقصان پونچھ کے سرنکوٹ علاقے میں ہوا، جہاں ایک ہی خاندان کے 6 افراد سمیت مجموعی طور پر 9 افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ اس کے علاوہ حویلی علاقے میں ایک شخص کے جاں بحق ہونے کی اطلاع ہے۔ شدید بارش کے باعث کئی رہائشی مکانات کو نقصان پہنچا ہے اور نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ متعدد سڑکیں زیر آب آ گئی ہیں، جس کے باعث لوگوں کو نقل و حمل میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔


مقامی انتظامیہ کے مطابق پونچھ کے مختلف علاقوں سے کچھ افراد کے لاپتہ ہونے کی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں۔ امدادی ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں مسلسل کام کر رہی ہیں اور لاپتہ افراد کی تلاش جاری ہے۔ کئی خاندانوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ عارضی امدادی مراکز میں متاثرین کے لیے خوراک، ادویات اور دیگر ضروری اشیاء فراہم کی جا رہی ہیں۔ ریاستی ڈیزاسٹر رسپانس فورس، نیشنل ڈیزاسٹر رسپانس فورس اور مقامی انتظامیہ مشترکہ طور پر ریسکیو آپریشن میں مصروف ہیں۔ متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں کے لیے کشتیوں اور ہیلی کاپٹروں کی مدد بھی لی جا رہی ہے۔ زخمی افراد کو طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور متاثرہ خاندانوں کے لیے معاوضے اور بحالی کے اقدامات کا بھی آغاز کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب ہماچل پردیش کے ضلع چمبہ میں بھی شدید بارش کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر لینڈ سلائیڈنگ کا واقعہ پیش آیا ہے۔ بھٹیات علاقے میں لاہڑو۔سنہوتا سڑک پر پہاڑ کا ایک بڑا حصہ گرنے سے آمد و رفت مکمل طور پر بند ہو گئی ہے۔ خوش قسمتی سے واقعے کے وقت سڑک پر کوئی گاڑی یا راہگیر موجود نہیں تھا، جس کے باعث کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ یہ سڑک دھرم شالہ، چمبہ اور ڈلہوزی کے درمیان رابطے کا ایک اہم ذریعہ سمجھی جاتی ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے صورت حال کا جائزہ لیا اور ہر ممکن مرکزی امداد فراہم کرنے کا یقین دلایا ہے۔ محکمہ موسمیات نے جموں و کشمیر، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ کے کئی علاقوں میں آئندہ چند روز تک شدید بارش، فلیش فلڈ اور لینڈ سلائیڈنگ کے خطرات سے خبردار کیا ہے۔ عوام کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنے اور دریاؤں، ندی نالوں اور پہاڑی ڈھلوانوں سے دور رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے مسلسل بارش اور سیلاب کے بعد راجوری اور پونچھ میں جاری امدادی اور ریسکیو کارروائیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور سینئر حکام کو متاثرہ خاندانوں کو فوری امداد فراہم کرنے اور ہنگامی ٹیموں کو ہر صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار رکھنے کی ہدایت دی۔ منوج سنہا نے ایک بیان میں کہا کہ "میں نے سینئر حکام سے بات چیت کی ہے اور راجوری و پونچھ میں بارش اور سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال کا جائزہ لیا ہے۔" انہوں نے بتایا کہ راجوری میں سول انتظامیہ، پولیس، فوج، اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (ایس ڈی آر ایف) اور مقامی رضا کار مشترکہ طور پر امدادی کاموں میں مصروف ہیں، جبکہ متاثرہ خاندانوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمے ہائی الرٹ پر ہیں اور امدادی سرگرمیوں کے ساتھ بنیادی ڈھانچے کی بحالی کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پرسکون رہیں اور سرکاری ہدایات پر عمل کریں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے راجوری اور پونچھ کے حویلی اور سرنکوٹ علاقوں میں جانی نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے تعزیت کی اور کہا کہ دونوں اضلاع میں متاثرہ خاندانوں کو فوری امداد فراہم کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔

# 'ٹرمپ کے دستخط کی کوئی اہمیت نہیں'

### ایران اور امریکہ کے درمیان معاہدہ ختم ہونے پر مجتبیٰ خامنہ ای کا سخت ردعمل



تہران (ایجنسی) مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے درمیان امریکہ کی طرف سے ایران پر مسلسل کیے جانے والے حملوں کے حوالے سے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے ہفتہ (18 جولائی) کو ایک بڑا بیان دیا ہے۔ خامنہ ای نے کہا کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے امن معاہدے پر دستخط کرنا پوری طرح بے معنی ہے۔ انہوں نے ٹرمپ کے بارے میں کہا کہ ان کی کوئی کریڈیبلٹی نہیں ہے۔ ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے ہفتہ (18 جولائی) کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر ایک پوسٹ شیئر کی۔ پوسٹ میں خامنہ ای نے کہا کہ "ایران اور امریکہ کے صدور کی طرف سے دستخط کیے گئے مفاہمت نامے (ایم او یو) کی امریکہ کی جانب سے بار بار خلاف ورزی کیا جانا ایک بار پھر اس سچائی کو بے نقاب کرتا ہے کہ امریکی صدر کے دستخط کی کوئی اہمیت نہیں ہے اور ان کی کوئی کریڈیبلٹی نہیں ہے۔"

دوسری جانب امریکی سنٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے 'ایکس' پر ہفتہ (18 جولائی) کو ایک پوسٹ میں اپنے ہلاک اور لاپتہ ہونے والے امریکی فوجی اہلکاروں کے حوالے سے بیان جاری کیا ہے۔ سینٹ کام نے کہا کہ "امریکی سنٹرل کمانڈ (سینٹ کام) اور اس کی اتحادی افواج جمعہ (17 جولائی) کو اردن میں ایران کی طرف سے کیے گئے بیلسٹک میزائل اور ڈرون حملوں کے خلاف دفاعی آپریشن چلا رہے تھے۔ اس دوران 2 امریکی فوجی اہلکار جنگی کارروائی میں ہلاک ہو گئے۔ اس کے علاوہ، ایک فوجی اہلکار اب بھی لاپتہ ہے۔"

سینٹ کام نے کہا کہ "امریکہ کے 4 فوجی اہلکاروں کو علاج کے لیے اردن کے اسپتالوں میں داخل کرایا گیا تھا۔ علاج کے بعد انہیں اسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا ہے۔ جبکہ دیگر اہلکار جنہیں معمولی چوٹیں آئی تھیں، ان کا معائنہ کیا گیا اور پھر وہ اپنی ڈیوٹی پر واپس لوٹ چکے ہیں۔" سینٹ کام نے یہ بھی کہا کہ "ہم امریکی فوج کے ہلاک ہونے والے اہلکاروں کے خاندانوں کے احترام کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے ناموں اور دیگر معلومات کو تب تک عام نہیں کریں گے، جب تک ان کے لواحقین کو سرکاری طور پر اطلاع ملنے کے بعد 24 گھنٹے مکمل نہیں ہو جاتے۔"

# آفات سے بچاؤ کیلئے بیداری اور پیشگی تیاری ضروری: وزیر اعلیٰ یوگی

### نئی عمارت سے مضبوط ہوگا یوپی کا ڈیزاسٹر مینجمنٹ نظام



لکھنؤ۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا: آفات سے متعلق بیداری اور پیشگی تیاری سے جانی و مالی نقصان کو کم سے کم کیا جا سکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ اتر پردیش اور اتر پردیش ریاستی آفات نظم و نسق اتھارٹی کے چیئرمین یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ آفات کے حوالے سے ہماری چوکسی، پیشگی تیاری اور عوامی بیداری جانی و مالی نقصان کو کم سے کم سطح تک لا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکولی نصاب اور خاندانی سطح پر باہمی گفتگو کے ذریعے آفات سے متعلق شعور بیدار کرنا ضروری ہے اور یہ ہماری روزمرہ زندگی کا حصہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آج اتر پردیش ریاستی آفات نظم و نسق اتھارٹی کی نئی عمارت کا افتتاح کیا گیا ہے، جو کسی بھی قدرتی یا انسانی آفت کے دوران جانی و مالی نقصان کو کم سے کم کرنے کے لیے مکمل صلاحیت کے ساتھ خدمات انجام دینے کے لیے تیار ہے۔ وزیر اعلیٰ آج یہاں اتر پردیش ریاستی آفات نظم و نسق اتھارٹی کی نو تعمیر شدہ عمارت کے افتتاح کے بعد منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر انہوں نے آفات کے شعبے میں نمایاں خدمات انجام دینے والے ریاستی ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کے اہلکاروں کو اعزاز سے نوازا اور اتھارٹی کی ویب سائٹ کا بھی افتتاح کیا۔ انہوں نے ریاستی ایمرجنسی آپریشن سینٹر، اس کی عملی نظام کاری اور این ڈی آر ایف، ایس ڈی آر ایف، محکمہ فائر سروسز اور ایمرجنسی سروسز کی جانب سے لگائی گئی نمائش کا بھی معائنہ کیا۔ واضح رہے کہ اتر پردیش ریاستی آفات نظم و نسق اتھارٹی کی نئی عمارت 200 کروڑ روپے سے زائد کی لاگت سے تعمیر کی گئی ہے۔ اسے جدید سہولیات سے آراستہ ایک جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ سینٹر کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔ اس میں 24 گھنٹے اور ہفتے کے ساتوں دن فعال جدید ریاستی ایمرجنسی آپریشن سینٹر، 200 سے زائد افراد کی گنجائش والا آڈیٹوریم، کلاس رومز، لیکچر ہال، ہاسٹل اور لائبریری کی سہولت موجود ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اگر عوام میں آفات کے بارے میں شعور پیدا کیا جائے تو جانی و مالی نقصان کو بڑی حد تک روکا جا سکتا ہے۔ عام طور پر لوگ آفت آنے اور نقصان ہونے کے بعد متحرک ہوتے ہیں، جبکہ مختلف آفات سے نمٹنے کے لیے پہلے سے تیاری ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ریاست میں 45 ہزار ہوم گارڈز کی بھرتی کا عمل جاری ہے۔ تربیت یافتہ "آفت متر" کو ہوم گارڈز کی بھرتی میں ترجیح دی جائے گی، جبکہ تمام ہوم گارڈ رضا کاروں کو آفت سے نمٹنے کی تربیت لازمی طور پر دی جائے گی۔ فرسٹ ریسپانڈرز کی باقاعدہ موک ڈرل بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہوم گارڈ رضا کاروں کو بہتر اعزازیہ، سالانہ پانچ لاکھ روپے تک کی کیش لیس طبی سہولت فراہم کر رہی ہے۔ کسی حادثے یا سانحے کی صورت میں ان کے اہل خانہ کو تقریباً 35 سے 40 لاکھ روپے کی مالی امداد دی جاتی ہے، جبکہ وزیر اعلیٰ ریلیف فنڈ سے اضافی پانچ لاکھ روپے بھی فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ وہ بہتر انداز میں عوام کی خدمت انجام دے سکیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اسکولوں اور کالجوں میں اساتذہ اور طلبہ کو سیلاب، آسمانی بجلی، شدید بارش اور دیگر قدرتی آفات کے بارے میں آگاہ کیا جانا چاہیے اور انہیں احتیاطی تدابیر سے واقف کرایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بعض آفات انسانی غفلت کا نتیجہ ہوتی ہیں، جیسے لاپروائی سے لگنے والی آگ یا ناقص ڈیزائن کی وجہ سے عمارتوں کا گر جانا، جنہیں پیشگی تیاری اور احتیاط سے روکا جا سکتا ہے۔

# پاناما کے وزیر خارجہ 5 روزہ دورے پر ہندوستان پہنچے

### کئی اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں لیں گے حصہ

نئی دہلی۔ (ایجنسی) جمہوریہ پاناما کے وزیر خارجہ جیویر ایڈوارڈو مارٹینز-آچا واسکیز اتوار (19 جولائی) کو 5 روزہ دورے پر ہندوستان پہنچ گئے۔ ان کے اس دورے کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے ان کا استقبال کیا۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر لکھا کہ "پاناما کے وزیر خارجہ جیویر ایڈوارڈو مارٹینز-آچا واسکیز کا نئی دہلی آمد پر دلی خیر مقدم ہے۔ ہندوستان اور پاناما کے درمیان قریبی شراکت داری ہے، جو مشترکہ اقدار، باہمی مفادات اور خیر سگالی پر مبنی ہے۔" واضح رہے کہ پاناما کے وزیر خارجہ کا ہندوستان دورہ 19 سے 23 جولائی تک ہوگا، جو تجارت، کامرس، کنیکٹیویٹی اور سفارتی تعاون میں ہندوستان اور پاناما کے درمیان بڑھتے ہوئے روابط کو ظاہر کرتا ہے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے شیئر کی گئی معلومات کے مطابق پاناما کے وزیر خارجہ نئی دہلی میں قیام کریں گے اور اس دوران وہ ہندوستان کے اعلیٰ رہنماؤں کے ساتھ کئی اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں شرکت کریں گے۔ پیر کے روز مارٹینز-آچا کی نئی پارلیمنٹ بلڈنگ میں وزیر تجارت و صنعت پیوش گوئل سے ملاقات کا شیڈول ہے، تاکہ دونوں ممالک کے مابین تجارت اور اقتصادی تعاون کو بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ بعد ازاں، وہ حیدرآباد ہاؤس میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ وفد کی سطح پر مذاکرات کریں گے، جہاں فریقین سے ہندوستان-پاناما تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے اور باہمی مفاد کے شعبوں میں تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے کی امید ہے۔ منگل کے روز پاناما کے وزیر خارجہ نئی دہلی میں سرکاری پروگراموں میں حصہ لیں گے اور بدھ کو ٹرانسپورٹ بھون میں بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال سے ملاقات کریں گے۔


# ٹی ایم سی دفتر پر نہیں چلے گا بلڈوزر، ابھیشیک کو ہائی کورٹ سے بڑی راحت

### ترنمول کانگریس کے رکن پارلیمنٹ ابھیشیک بنرجی نے پولیس پر غیر قانونی توڑ پھوڑ کا الزام لگایا

کولکاتہ (ایجنسی) کلکتہ ہائی کورٹ نے ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) کے رکن پارلیمنٹ ابھیشیک بنرجی کے آمتلا پارٹی آفس کو منہدم کرنے پر روک لگا دی ہے۔ عدالت نے کہا کہ اگلے حکم تک کوئی مزید کارروائی نہیں کی جا سکتی۔ یہ حکم کلکتہ ہائی کورٹ کے جسٹس راجہ بسو چودھری نے جاری کیا۔ ابھیشیک بنرجی نے ہفتے کے روز آمتلا پارٹی آفس بلڈوزر معاملے میں کلکتہ ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا، جس کے بعد ان کے وکیل نے اتوار کو چھٹی کے دن اس معاملے پر فوری سماعت کی درخواست کی تھی۔ پہلے سماعت آج دوپہر 12 بجے شروع ہونی تھی، لیکن سرکاری وکیل کے موجود نہ ہونے کی وجہ سے سماعت وقت پر نہ ہو سکی۔ بعد میں دوپہر 1:30 بجے جسٹس راجہ بسو چودھری کے کورٹ روم میں سماعت دوبارہ شروع ہوئی۔ اس کے بعد عدالت نے ابھیشیک بنرجی کے آفس کو منہدم کرنے پر کچھ وقت کے لیے روک لگا دی۔ دوسری جانب بار بار یہ الزامات لگتے رہے ہیں کہ آمتلا میں ابھشیک بنرجی کا پارٹی آفس غیر قانونی طریقے سے بنایا گیا ہے۔ ترنمول کانگریس کے قومی جنرل سکریٹری اور ڈائمنڈ ہاربر کے رکن پارلیمنٹ ابھیشیک بنرجی نے الزام لگایا ہے کہ مغربی بنگال پولیس اور بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے کارکنوں نے ان کا آفس توڑ کر وہاں رکھا سامان اور دستاویزات ہٹا دیے ہیں، جبکہ یہ معاملہ ابھی کلکتہ ہائی کورٹ میں زیر التوا ہے مسٹر بنرجی نے سوشل میڈیا پر اتوار کو ایک پوسٹ میں دعویٰ کیا کہ نام نہاد "بلڈوزر سے توڑ پھوڑ" کی اس کارروائی میں سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کی ہدایات کو نظر انداز کیا گیا ہے اور یہ ریاست میں پھیلی "انارکی" کی مثال ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ امتلا میں ان کے لوک سبھا حلقے کے آفس کو قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے توڑا گیا۔

# علاج کیلئے وانگ چک کو اسپتال منتقل کرنا غلط نہیں: دہلی ہائی کورٹ

### حکومت اور پولیس سے 3 دن میں جواب طلب، عبوری حکم جاری نہیں کیا گیا، اگلی سماعت 23 جولائی کو



نئی دہلی: دہلی کے صفدر جنگ اسپتال میں زیر علاج سونم وانگ چک کے معاملے پر دہلی ہائی کورٹ میں سماعت ہوئی۔ عدالت نے کہا کہ وانگ چک کی صحت خراب ہونے اور ڈویژن بنچ کے حکم کے باعث انہیں سرکاری اسپتال منتقل کیا گیا۔ عدالت نے کہا کہ حکومت کی اس کارروائی کو من مانی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ وانگ چک کو اسپتال میں وہی ادویات دی جا رہی ہیں، جن پر انہیں رضامندی ہے۔ عدالت نے مرکزی حکومت، دہلی حکومت اور پولیس کو 3 دن کے اندر جواب داخل کرنے کی ہدایت دی۔ عدالت نے اس معاملے میں کوئی عبوری حکم جاری نہیں کیا۔ اب اگلی سماعت 23 جولائی کو ہوگی۔ درحقیقت سونم وانگ چک کی اہلیہ گیتانجلی نے وانگ چک کو صفدر جنگ اسپتال سے کسی نجی اسپتال منتقل کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ دہلی پولیس نے ہفتہ کی صبح وانگ چک کو جنتر منتر سے اٹھا کر صفدر جنگ اسپتال منتقل کیا تھا۔ اسپتال میں بھی وانگ چک کی بھوک ہڑتال جاری ہے۔ سی جے پی اور وانگ چک 28 جون سے نیٹ پیپر لیک معاملے میں جواب دہی طے کرنے اور وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے کے مطالبے کی حمایت میں بھوک ہڑتال پر ہیں۔ دہلی پولیس کمشنر انوراگ کمار کے عہدہ سنبھالنے کے 24 گھنٹے کے اندر وانگ چک کو احتجاجی مقام سے اٹھا کر اسپتال پہنچا دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جمعہ کی رات ڈیڑھ بجے اس سلسلے میں ہدایات موصول ہوئی تھیں۔

# امریکہ-ایران تنازعہ: مشرقِ وسطیٰ کے امن کیلئے سنگین خطرہ

پروفیسر عتیق احمد فاروقی



امریکہ اور ایران کے درمیان گزشتہ جون میں جس مفاہمتی یادداشت پر اصولی رضامندی بنی تھی، وہ گزشتہ ہفتے رونما ہونے والے واقعات کے بعد تقریباً بے اثر ہو چکی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی کانگریس کو مطلع کیا کہ تہران کے خلاف محدود فوجی کارروائی ناگزیر ہو گئی ہے۔ اگرچہ دونوں ممالک اس حقیقت سے بخوبی واقف ہیں کہ بعض ایسی سرخ لکیریں موجود ہیں جنہیں عبور کرنا کسی کے مفاد میں نہیں، کیونکہ اگر یہ حدود پار کی گئیں تو خلیج میں تیل کے ذخائر، عالمی توانائی کی ترسیل اور خطے کی معمول کی زندگی شدید متاثر ہوسکتی ہے۔ ایسی صورتِ حال نہ امریکہ چاہتا ہے، نہ ایران، اور نہ ہی دنیا کا کوئی ذمہ دار ملک۔

اصل مسئلہ یہ ہے کہ صدر ٹرمپ مسلسل سخت گیر رویے کا مظاہرہ کررہے ہیں، اگرچہ ایران کے پاسدارانِ انقلاب بھی اپنے موقف پر قائم ہیں، تاہم بین الاقوامی مبصرین کی نظر میں اس بحران کی ابتدا امریکہ کی جانب سے کی گئی کارروائیوں سے ہوئی۔ یہی وجہ ہے کہ ایران اپنے ردِعمل کو دفاعی موقف قرار دیتا ہے۔ ان حملوں کے نتیجے میں نہ صرف اعلیٰ فوجی قیادت کو نقصان پہنچا بلکہ متعدد بے گناہ شہری، حتیٰ کہ نوجوان اور بچے بھی متاثر ہوئے، جسے بین الاقوامی قوانین اور انسانی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا جارہا ہے۔ مغربی ذرائع ابلاغ میں یہ خبریں بھی سامنے آرہی ہیں کہ ایران کی اعلیٰ قیادت کے اندر بعض امور پر اختلافات موجود ہیں۔ آیت اللہ علی خامنہ ای کی تدفین کے موقع پر ان کے صاحبزادے مجتبیٰ خامنہ ای عوامی منظرنامے پر نمایاں طور پر دکھائی نہیں دیے۔ اگر وہ اس موقع پر عوام کے سامنے آتے تو یہ تاثر مزید مضبوط ہوتا کہ ملک کے تمام اہم فیصلے انہی کی نگرانی میں ہورہے ہیں۔ اب جبکہ تہران کی قیادت کے حوالے سے مختلف قیاس آرائیاں جاری ہیں، مغربی تجزیہ نگاروں کا کہنا ہے کہ یہ واضح طور پر کہنا مشکل ہے کہ ایران میں جنگ اور امن سے متعلق حتمی فیصلے کس سطح پر کیے جارہے ہیں۔

بہرحال، ان تمام واقعات نے ایک مرتبہ پھر خلیج سے تیل اور گیس کی ترسیل کے بارے میں خدشات کو بڑھا دیا ہے۔ خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے اور دنیا کے متعدد شیئر بازار بھی اس کے منفی اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکے۔ اب سب سے بڑا سوال یہی ہے کہ آگے کیا ہونے والا ہے؟

اس وقت آبنائے ہرمز سے بحری جہازوں کی آمد و رفت غیر معمولی دباؤ کا شکار ہے۔ امریکہ نے اس اہم آبی گزرگاہ پر ناکہ بندی کا عندیہ دیا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ ایران بھی اس راستے سے اپنا تیل عالمی منڈیوں تک نہیں پہنچا سکے گا۔ دوسری جانب تہران نے واضح انتباہ دیا ہے کہ اگر یہی صورتِ حال برقرار رہی اور اس کے جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے سے روکا گیا تو وہ دیگر اہم آبی گزرگاہوں پر بھی جہاز رانی میں رکاوٹ پیدا کرسکتا ہے۔ اس کا واضح اشارہ یمن اور افریقہ کے درمیان واقع باب المندب کی جانب ہے، جہاں ایران اپنے اتحادی حوثی گروپ کے ذریعے بین الاقوامی جہاز رانی کو متاثر کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایران نے دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ اگر امریکہ یا اس کے اتحادی اس کے جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے سے روکیں گے تو پھر وہ بھی کسی دوسرے ملک کے جہازوں کو اس راستے سے آسانی سے گزرنے نہیں دے گا۔ یہی وہ صورتِ حال ہے جس نے اس مفاہمتی عمل کو شدید دھچکا پہنچایا ہے، جس سے امید پیدا ہوئی تھی کہ خطے میں جنگ کے بادل چھٹ جائیں گے، کشیدگی کم ہوگی اور عالمی معیشت دوبارہ استحکام کی طرف لوٹ سکے گی، مگر موجودہ حالات نے ان تمام امیدوں کو دھندلا کردیا ہے۔

صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے بارے میں یہ تاثر عام ہے کہ وہ اپنے بیانات پر مستقل مزاجی سے قائم نہیں رہتے۔ کبھی وہ ایک موقف اختیار کرتے ہیں اور چند ہی گھنٹوں بعد اس سے مختلف بات کرتے نظر آتے ہیں۔ گزشتہ دنوں انہوں نے اعلان کیا تھا کہ امریکہ آبنائے ہرمز کو محفوظ بنائے گا اور اس کے عوض وہاں سے گزرنے والے بحری جہازوں سے بیس فیصد فیس وصول کرے گا، لیکن محض چوبیس گھنٹے بعد وہ اپنے اس اعلان سے بھی پیچھے ہٹ گئے۔ ایران کے ساتھ حالیہ کشیدگی کے آغاز سے اب تک صدر ٹرمپ متعدد مرتبہ اپنے بیانات تبدیل کرچکے ہیں، جس کے باعث عالمی سطح پر ان کے اعلانات کی سنجیدگی اور پائیداری پر سوالات اٹھائے جارہے ہیں۔ اب تمام نگاہیں ان کے تازہ فیصلوں پر مرکوز ہیں، کیونکہ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کے اعلان نے ان کے ارادوں کو مزید واضح کردیا ہے۔

ادھر پردے کے پیچھے خلیج کے متعدد ممالک مسلسل کوشش کررہے ہیں کہ امریکہ اور ایران دوبارہ فوجی تصادم کا راستہ ترک کرکے مذاکرات کی میز پر واپس آئیں، مگر وہ اس حقیقت سے بھی آگاہ ہیں کہ یہ ہدف حاصل کرنا آسان نہیں۔ امریکہ بدستور اس شرط پر قائم ہے کہ ایران نہ صرف اپنے جوہری پروگرام کو محدود کرے بلکہ یورینیم کی افزودگی کا عمل بھی مکمل طور پر ترک کردے۔ اگرچہ ماضی میں ایران اس موضوع پر بعض شرائط کے ساتھ آمادگی ظاہر کرتا رہا تھا، لیکن حالیہ حملوں اور ایرانی قیادت کو نشانہ بنانے کے بعد تہران کے لیے امریکہ کے موقف پر عمل کرنا مشکل ہوگیا ہے۔ ایران کا کہنا ہے کہ قومی سلامتی اور خودمختاری کے معاملے میں کسی قسم کی یک طرفہ شرط قبول نہیں کی جا سکتی۔ اگرچہ معاملات ابھی اس نہج تک نہیں پہنچے کہ تمام سفارتی راستے بند ہوجائیں، تاہم ایران نے اپنے بحری مفادات کے تحفظ کے لیے بھی سخت رویہ اختیار کرلیا ہے۔ تہران کا موقف ہے کہ اگر اس کے تجارتی اور تیل بردار جہازوں کو محفوظ راستہ فراہم نہیں کیا جاتا تو وہ بھی ایسے متبادل بحری راستوں پر دباؤ بڑھانے کا حق محفوظ رکھتا ہے جو خلیج عمان سے گزرتے ہیں۔ بعض مغربی ذرائع ابلاغ نے ایران کے اس موقف کو بین الاقوامی قوانین سے متصادم قرار دیتے ہوئے تنقید کی ہے اور کہا ہے کہ عالمی بحری گزرگاہوں میں رکاوٹ پیدا کرنا کسی بھی ملک کے لیے قابل قبول نہیں۔ تاہم یہاں ایک بنیادی سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا بین الاقوامی قوانین کی پابندی صرف ایران پر لازم ہے، یا پھر امریکہ اور اسرائیل بھی اسی معیار کے پابند ہیں؟ اگر کسی ملک کی خودمختاری، اس کی سرزمین اور اس کے شہریوں کو نشانہ بنایا جائے تو کیا اسے اپنے دفاع کا حق حاصل نہیں؟ یہی وہ سوالات ہیں جو اس وقت عالمی سفارتی حلقوں، بین الاقوامی قانون کے ماہرین اور سیاسی مبصرین کے درمیان زیرِ بحث ہیں۔ بدقسمتی سے عالمی طاقتوں کا دوہرا معیار اس بحران کو مزید پیچیدہ بنارہا ہے، جس کے نتیجے میں انصاف اور بین الاقوامی قانون کی غیر جانبداری پر بھی سوالیہ نشان کھڑا ہوگیا ہے۔

موجودہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ طاقت کے استعمال کی بجائے مذاکرات، تحمل اور سفارت کاری کو ترجیح دی جائے، کیونکہ اگر کشیدگی میں مزید اضافہ ہوا تو اس کے اثرات صرف مشرقِ وسطیٰ تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پوری دنیا کی معیشت، توانائی کی فراہمی اور بین الاقوامی امن بھی اس کی لپیٹ میں آسکتا ہے۔ جہاں تک ہندوستان کے کردار کا تعلق ہے، نئی دہلی کا ہمیشہ سے یہ موقف رہا ہے کہ ایران۔امریکہ تنازعہ کا حل صرف سفارت کاری اور مذاکرات میں ہے، جنگ میں نہیں، کیونکہ جنگ صرف تباہی، عدم استحکام اور انسانی المیوں کو جنم دیتی ہے۔ خلیجی خطہ ہندوستان کی توانائی، تجارت اور معاشی مفادات کا اہم مرکز ہے، جبکہ تقریباً ایک کروڑ ہندوستانی شہری بھی اسی خطے میں مقیم ہیں۔ ایسے میں ان کی سلامتی اور مفادات کا تحفظ حکومتِ ہند کی اولین ذمہ داری ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے حال ہی میں کہا تھا کہ مؤثر سفارتی کوششوں کے نتیجے میں ہندوستان توانائی کے ممکنہ بحران سے بڑی حد تک محفوظ رہا ہے، تاہم حقیقت یہ ہے کہ اگر یہ کشیدگی مزید بڑھی تو اس کے اثرات صرف تیل کی قیمتوں تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ تجارت، برآمدات، ترسیلاتِ زر اور خطے میں کام کرنے والے لاکھوں ہندوستانیوں کے مستقبل پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق حالیہ کشیدگی میں خلیجی ممالک میں مقیم چند ہندوستانی بھی جاں بحق ہوئے ہیں، جس سے صورتِ حال کی نزاکت مزید واضح ہو جاتی ہے۔ اس تناظر میں ضروری ہے کہ ہندوستان اپنی سفارتی سرگرمیوں میں مزید تیزی لائے۔ آیت اللہ علی خامنہ ای کی تدفین میں ہندوستانی وفد کی شرکت اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس۔ جے شنکر کے خلیجی ممالک کے حالیہ دورے اسی سفارتی توازن کا حصہ ہیں۔ تاہم خارجہ پالیسی کا تقاضا یہی ہے کہ ہندوستان تمام متعلقہ ممالک کے ساتھ اپنے تعلقات میں توازن برقرار رکھے، تاکہ کسی بھی فریق کو نظرانداز کیے جانے کا احساس نہ ہو۔ اسی کے ساتھ غزہ کی موجودہ صورتِ حال اور اسرائیل کے ساتھ تعلقات کے تناظر میں بھی ہندوستان کو اپنی پالیسی کا ازسرِنو جائزہ لینا چاہیے۔ صرف ہندوستان ہی نہیں بلکہ پورا جنوبی ایشیا اس جنگ کے منفی اثرات سے متاثر ہورہا ہے۔ اگر پاکستان نے کسی مرحلے پر ثالثی یا مفاہمتی کوشش کی ہے تو اسے بھی مثبت تناظر میں دیکھا جانا چاہیے، کیونکہ اس وقت خطے کی ضرورت تصادم نہیں بلکہ امن ہے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ جنوبی ایشیا کے تمام ممالک اپنے اختلافات سے بالاتر ہوکر ایک مشترکہ اور مؤثر سفارتی آواز بلند کریں، جو جنگ کے فوری خاتمے، مذاکرات کی بحالی اور بین الاقوامی قوانین کے یکساں احترام کا مطالبہ کرے۔ دنیا کی تقریباً ایک چوتھائی آبادی اسی خطے میں آباد ہے، اس لیے امریکہ، ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی کے اثرات سے اسے الگ نہیں رکھا جاسکتا۔ طاقت کے استعمال سے وقتی برتری تو حاصل کی جاسکتی ہے، لیکن پائیدار امن صرف انصاف، باہمی احترام، سفارت کاری اور سنجیدہ مذاکرات ہی کے ذریعے قائم ہوسکتا ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جو مشرقِ وسطیٰ، جنوبی ایشیا اور پوری دنیا کو ایک نئے اور خطرناک بحران سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔

9161484863

# آخر ہمارے ملک کی ترقی کو گہن کیوں لگا ہوا ہے؟



انسان نے زندگی کے ہر شعبے میں ترقی کی طرف زقند بھری ہے۔ بحر و بر میں نت نئے امکانات، پہلوؤں اور سمتوں کی تلاش اور جستجو کے ساتھ آسمان کی موجودات پر بھی کمندیں ڈال رہے ہیں اور نئی بازیافتوں سے دل و دماغ کو منور کررہے ہیں۔ زمین کے اندر پائے جانے والی بیش بہا خزانوں کی تلاش کا کام بر سہا برس میں بھی مکمل نہیں ہوسکا پھر بھی آسمان کو مسخر کرنے کا جذبہ اور جنون فزوں تر ہوتا جارہا ہے۔ تعلیم اور تحقیق جستجو کے میدان میں ترقی اور پیش رفت کے ساتھ اس زمین کے باسیوں کے طرزِ بود و باش اور معیارِ زندگی میں بھی بڑی تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔ رہائشی عمارتوں اور دفاتر کے ساتھ ساتھ لباس اور پہناوے میں بھی زمین و آسمان کا فرق پیدا ہوچکا ہے۔ گفتگو کا معیار بھی پہلے سے بہتر ہوا ہے۔ علاج و معالجے کی جدید ترین سہولتوں کی وجہ سے بہت سے امراض پر قابو پالیا گیا ہے۔ مگر یہ کیا ہمارے ملک کے عوام کی ترقی وہیں کی وہی رکی ہوئی ہے، جہاں ہم سب ابتدا میں تھے آخر ہمارے ملک کی ترقی کو گہن کیوں لگا ہوا ہے؟ ملک اور عوام کے ساتھ ایسا کھیل کیوں کھیلا جارہا ہے، جس سے ان کی ترقی پر قدغن لگ چکا ہے؟ سب کا ساتھ سب کا وکاس اور بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ والی حکومت کو اقتدار میں آئے ہوئے دس برس سے زائد ہوچکے ہیں لیکن ہمارے ملک کے عوام نے ترقی کا زینہ کیوں طے نہیں کیا؟ یہ ایک سوال ہے جس کا جواب ہمارے مختلف ادوار میں رہنے والے حکمران ہی دے سکتے ہیں۔

موجودہ حکومت نے اقتدار میں آنے سے پہلے یہ وعدہ کیا تھا کہ ان کی سرکار غریبوں کی سرکار ہوگی لیکن اقتدار میں آنے کے بعد غریبوں کا جینا مشکل ہوگیا، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں، غریبوں کا روزی کمانا مشکل تر ہے، نوکریاں دستیاب نہیں، انڈسٹریاں تباہ حال ہیں، دن بہ دن مہنگائی بڑھتی جا رہی ہے ایک سامان کے دام میں اضافہ ہوتا ہے تو باقی بنیادی چیزوں کے ریٹ بھی بڑھ جاتے ہیں مگر جب ریٹ میں کمی ہوتی ہے تو یہ تمام ریٹ وہیں کے وہیں رہتے ہیں۔ اس پر کوئی بحث نہیں کرتا، اس پر کوئی توجہ نہیں دیتا، کیا یہی غریبوں کی سرکار کا مطلب ہے کہ ان کے ساتھ ظلم روا رکھا جائے، ان سے جینے کا حق چھین لیا جائے اور غریبی کو ختم کرنے کے بجائے غریبوں کو ہی ختم کرنے کے درپے رہا جائے؟ غریب اور بے روزگاری ہمارے ملک کا سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ اگر اس ملک کا کوئی شخص پڑھا لکھا ہے تو اس کو نوکری نہیں ملتی کیونکہ اس کے پاس سفارش نہیں ہوتی پھر تجربہ مانگا جاتا ہے، نوکری ملے گی ہی نہیں تو تجربہ کہاں سے آئے گا؟ ہمارے ملک میں اگر روزگار کے مواقع میسر ہوجائیں اور نوجوانوں کو نوکریاں ملنے لگ جائیں تو غریب کا بھلا ہوجائے گا، مگر یہاں تو ترقی صرف امیروں کے حصے میں ہوتا ہے، سفارش بھی انہی کے پاس ہے، ان سے تجربہ نہیں مانگا جاتا کیونکہ ان کے پاس سفارش جیسا زہر موجود ہے۔ اگر حکومت اس مسئلے کو حل کرنے میں سنجیدگی دکھاتی تو ہمارا ملک ترقی کے زینے طے کرنے میں پیچھے کیوں رہتا؟ سچ ہی کہا ہے کسی نے طاقت کی شکل کوئی بھی ہو جن کو مل جاتی ہے وہ زمین چھوڑ دیتا ہے۔

آج کل ہمارے ملک میں بھی ایک طرف اقتدار کی طاقت سے حکمران شرابور ہیں تو دوسری طرف عوامی طاقت سے مختلف النوع سیاسی جماعتیں۔ یعنی کہ سب ہی طاقت کے نشے میں چور ہیں اور جیسے جیسے وقت گزر رہا ہے یہ لوگ تہذیب کا دامن چھوڑتے جارہے ہیں۔ پارلیمنٹ ہو یا سیاستدانوں کے درمیان چاہے کتنی ہی شدید مخالفت کیوں نہ ہو چاہے سیاسی دشمنی کیوں نہ ہو لیکن انہیں زبان استعمال کرنے کی ہرگز اجازت نہیں ہونی چاہیے کیونکہ کوئی بھی مہذب معاشرہ زبان کی بنیاد پر ہی قائم رہ سکتا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ حکومت اپنے معیار کو بلند رکھتے ہوئے آگے کے معاملے حل کرے لیکن یہ بھی کڑوی سچائی ہے کہ ان کے لوگ ایسا نہیں کریں گے، لیکن یہ اتنا تو کرہی سکتے ہیں کہ اپنی حکومت کے وزیروں اور ممبرانِ پارلیمنٹ کو تہذیب کے دائرے میں رہنے کی سخت سے سخت ہدایت کریں۔ حالانکہ ممبران کو بولتے وقت احتیاط برتنے کی تلقین ہوتی ہے مگر یہ کافی نہیں ہے۔ اختلاف رائے رکھنا جمہوریت کی خوبصورتی ہے مگر اس کا مقصد ملک کی ترقی اور لوگوں کی بہتری ہونی چاہیے، ہمارے نظام نے ہمیں بہت سارے پلیٹ فارم فراہم کررکھے ہیں جن پر عمل کر کے ہم سب اپنے وطن کو ترقی کے مراحل طے کراتے ہوئے ترقی یافتہ بنا سکتے ہیں۔ کاش کہ کوئی لیڈر اس پر عمل کرتے ہوئے ملک کے عوام کی داد رسی کرے لیکن افسوس صد افسوس منصوبے بنائے جاتے ہیں مگر اس پر شفاف طریقے سے عمل درآمد نہیں ہوتا۔ مثالی جمہوریت اور قانون کی بالادستی کا مظاہرہ کرنا سب کا فرض ہے۔

اچھی گفتگو یا بات کرنا بھی ایک آرٹ یعنی فن ہے، یہ فن ہر کس و ناکس کے بس کا روگ نہیں، وہی لوگ اس فن میں ماہر ہوتے ہیں جن کے دل میں خوفِ خدا ہوتا ہے۔ اچھی بات اور گفتگو کرنے والوں کی ہر جگہ تعظیم ہوتی ہے، اچھی اچھی گفتگو سے ہمارے معاشرے میں امن و امان اور خوشیوں و مسرتوں کے گلاب مہکتے رہتے ہیں۔ آج ہمارے معاشرے، سوسائٹی اور ملک میں بے سروپا باتیں کرنے والوں کی کوئی کمی نہیں، ان میں خواندہ اور ناخواندہ تمام قسم کے لوگ شامل ہیں، جس کے باعث ہمارے ملک کے اتحاد اور سالمیت کو زبردست خطرہ لاحق ہے۔ ایسے میں اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ اس قسم کے لوگوں پر نظر رکھی جائے تاکہ ملک کے تمام باشندوں کو امن وچین اور سکون کے ساتھ زندگی گزارنے میں کوئی دشواری نہ ہو اور تمام ہی لوگ آپس میں شیر و شکر کی طرح مل جل کر ملک کی ترقی کے لیے کام کرسکیں۔ ویسے یہ بات بھی اپنی جگہ درست ہے کہ صرف حکومت اور حکومت کے کارندوں پر اکتفا کرنے سے کچھ نہیں ہوگا بلکہ عوام کو ملک کی ترقی کے لیے آگے بڑھنا ہوگا کیونکہ کسی بھی ملک کی ترقی کا دار و مدار اس کی عوام کی مشترکہ محنت، تعلیم، اتحاد اور دیانت داری پر منحصر ہوتا ہے۔ ایک ترقی یافتہ اور خوشحال معاشرے کی تعمیر کے لیے بنیادی ڈھانچے کی بہتری، تکنیکی ترقی اور سماجی انصاف کا فروغ ناگزیر ہے۔ ترقی ایک ایسا سفر ہے جس کی کوئی حد مقرر نہیں ہے اور یہ ہمیشہ جاری رہتا ہے۔ حقیقی ترقی وہی ہے جو انسان کی زندگی کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ معاشرے میں امن، انصاف اور خوشحالی لائے۔ لہٰذا ہم سب کو مل کر آپس میں متحد ہوکر ایک ایسی ترقی کی راہ پر گامزن ہونا چاہیے جو پائیدار ہو، ماحولیت کے نقصان دہ نہ ہو اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک بہتر اور روشن مستقبل کی ضامن ہو۔

موبائل:6291697668

# ایک بلبل کے گھونسلے سے زندگی کا سبق!

پروفیسر مشتاق احمد



قدرت کی کتاب کا ہر ورق اپنے اندر ایک نئی حکایت اور ایک نیا سبق سموئے ہوئے ہے۔ انسان اگر ذرا ٹھہر کر اپنے اردگرد کے ماحول کا مشاہدہ کرے تو اسے معلوم ہوگا کہ زندگی کی سب سے بڑی درسگاہ کسی یونیورسٹی یا لائبریری میں نہیں، بلکہ اسی فطرت کی خاموش آغوش میں آباد ہے۔ پرندوں کی چہچہاہٹ، درختوں کی سرگوشیاں، پھولوں کی مہک اور بہتے ہوئے پانی کی روانی یہ سب انسان کو وہ اسباق سکھاتے ہیں جو بڑی بڑی کتابیں بھی نہیں سکھا پاتیں۔

چند روز پہلے میرے گھر کے صحن میں رکھا ایک کیکٹس کا گملا اچانک میری توجہ کا مرکز بن گیا۔ ایک ننھی سی بلبل نے نہ جانے کیوں اسی کانٹوں سے بھرے پودے کو اپنے گھر کے لیے منتخب کیا تھا۔ اس نے نہایت محنت، محبت اور صبر کے ساتھ کانٹوں کے درمیان ایک ننھا سا گھونسلہ بنایا۔ یہ منظر اس بات کی علامت تھا کہ زندگی ہمیشہ آسان راستوں کی متلاشی نہیں ہوتی، بلکہ حفاظت اور بقا کے لیے کبھی کبھی کانٹوں کا سہارا بھی لینا پڑتا ہے۔

کچھ دن بعد اس گھونسلے میں تین ننھے انڈے نظر آئے۔ پھر وہ لمحہ بھی آیا جب ان انڈوں سے زندگی نے جنم لیا۔ ننھے ننھے بچے اپنی چونچیں کھول کر ماں کے انتظار میں رہتے اور ماں صبح سے شام تک خوراک کی تلاش میں مصروف رہتی۔ وہ بار بار اڑتی، دانہ لاتی، بچوں کو کھلاتی اور پھر اگلی پرواز کے لیے روانہ ہوجاتی۔ اس کے لیے نہ دھوپ کی شدت کوئی رکاوٹ تھی، نہ بارش کی بوندیں، نہ تھکن کا احساس۔ اس کی تمام دنیا صرف اس کے وہ تین ننھے بچے تھے۔

میں روزانہ خاموشی سے اس پورے منظر کا مشاہدہ کرتا۔ آہستہ آہستہ مجھے محسوس ہوا کہ میں صرف ایک پرندے کو نہیں دیکھ رہا، بلکہ قدرت کے ایک ابدی قانون کو اپنی آنکھوں کے سامنے زندہ ہوتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ وہ قانون ہے مادری محبت کا، جس کی کوئی حد، کوئی زبان اور کوئی مذہب نہیں ہوتا۔

ایک بات نے مجھے سب سے زیادہ متاثر کیا۔ جب بھی کوئی اجنبی میرے گھر میں داخل ہوتا یا صحن میں ذرا سی آہٹ ہوتی، بلبل بے چین ہوجاتی۔ وہ مسلسل چہچہاتی، ایک شاخ سے دوسری شاخ تک پھدکتی اور بار بار اپنے گھونسلے کے گرد منڈلاتی۔ گویا وہ ہر آنے والے کو یہ پیغام دے رہی ہو کہ ”یہ میرے بچے ہیں، انہیں کوئی نقصان نہ پہنچائے۔“

یہ منظر دیکھ کر میرے دل میں ایک عجیب کیفیت پیدا ہوتی۔ مجھے اپنی ماں یاد آتی، وہ مائیں یاد آتیں جو اپنی ساری زندگی اولاد کی خوشیوں پر نثار کردیتی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ماں کا دل پوری کائنات میں سب سے زیادہ بے لوث دل ہے۔ وہ اپنے حصے کی خوشیاں بھی اولاد پر قربان کردیتی ہے اور بدلے میں کسی صلے کی طلبگار نہیں ہوتی۔



بلبل کی اس بے چینی نے مجھے یہ بھی سوچنے پر مجبور کیا کہ جانوروں اور پرندوں میں بھی احساسات کی وہی دنیا آباد ہے جسے ہم اکثر نظرانداز کردیتے ہیں۔ وہ بھی محبت کرتے ہیں، خوف محسوس کرتے ہیں، جدائی کا غم سہتے ہیں اور اپنے بچوں کے لیے ہر خطرہ مول لینے کو تیار رہتے ہیں۔ افسوس کہ انسان، جو اپنے آپ کو اشرف المخلوقات کہتا ہے، بعض اوقات انہی جذبات سے دور ہوتا جارہا ہے۔

آج کا مادہ پرستانہ دور انسان کو مشین بناتا جارہا ہے۔ رشتوں کی حرارت کم ہوتی جارہی ہے، والدین اور اولاد کے درمیان فاصلے بڑھ رہے ہیں اور مصروفیت نے محبت کے اظہار کے مواقع محدود کردیے ہیں۔ ایسے ماحول میں ایک ننھی سی بلبل ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ زندگی کی اصل خوبصورتی محبت، ایثار، ذمہ داری اور حفاظت میں پوشیدہ ہے۔

اس واقعے نے مجھے یہ بھی احساس دلایا کہ فطرت کے ہر منظر میں خدا کی قدرت جلوہ گر ہے۔ قرآن کریم بار بار انسان کو کائنات میں غور و فکر کی دعوت دیتا ہے تاکہ وہ اپنی تخلیق اور اپنے رب کی عظمت کو پہچان سکے۔ ایک معمولی سا پرندہ بھی ہمیں صبر، محنت، احساسِ ذمہ داری، ایثار اور محبت کا درس دے سکتا ہے، بشرطیکہ ہماری نگاہ میں دیکھنے کا سلیقہ اور دل میں محسوس کرنے کی صلاحیت موجود ہو۔

میں نے ان دنوں بلبل اور اس کے بچوں کو کسی قسم کی خلل پہنچانے سے گریز کیا۔ صرف دور سے ان کی زندگی کے یہ خوبصورت مناظر دیکھتا رہا۔ مجھے یوں محسوس ہوتا تھا جیسے میرے صحن میں صرف ایک گھونسلہ نہیں، بلکہ محبت کی ایک چھوٹی سی درسگاہ قائم ہوگئی ہو، جہاں ہر روز خاموشی سے انسانیت کا سبق پڑھایا جارہا ہو۔

چند ہی دنوں میں وہ ننھے بچے بڑے ہونے لگے۔ ان کے پروں میں طاقت آئی، انہوں نے گھونسلے کے کنارے کھڑے ہوکر پہلی بار اپنے اردگرد کی دنیا کو دیکھا۔ پھر ایک دن ایسا آیا جب انہوں نے اپنی پہلی اڑان بھری۔ ماں ان کے ساتھ ساتھ اڑ رہی تھی، جیسے ایک استاد اپنے شاگرد کی پہلی کامیابی پر خوش ہوتا ہے اور ایک ماں اپنے بچے کے پہلے قدم پر مسکراتی ہے۔

اس منظر نے میری آنکھوں کو نم کردیا۔ گھونسلہ وہیں رہ گیا، مگر اس کے مکین آسمان کی وسعتوں میں گم ہوگئے۔ مجھے یوں لگا جیسے زندگی کا یہی اصول ہے۔ والدین اپنے بچوں کی پرورش کرتے ہیں، انہیں محبت سے سنوارتے ہیں، انہیں اڑنا سکھاتے ہیں، اور پھر ایک دن انہیں اپنی اپنی منزلوں کی طرف روانہ کردیتے ہیں۔

یہ ننھی سی بلبل میرے لیے محض ایک پرندہ نہیں رہی، بلکہ ایک استاد بن گئی۔ اس نے مجھے سکھایا کہ محبت کا حقیقی مفہوم حفاظت میں ہے، قربانی میں ہے، بے لوث خدمت میں ہے اور دوسروں کے لیے جینے میں ہے۔ شاید یہی وہ پیغام ہے جس کی آج کے انسان کو سب سے زیادہ ضرورت ہے۔

اگر ہم فطرت کے ان خاموش اسباق کو سمجھنے لگیں تو ہمارے معاشرے میں محبت بڑھے گی، خاندان مضبوط ہوں گے، بزرگوں کا احترام واپس آئے گا اور بچوں کی بہتر تربیت ممکن ہوگی۔ ایک بلبل کا گھونسلہ بظاہر بہت چھوٹی سی چیز ہے، مگر اس کے اندر پوری کائنات کی سب سے بڑی حقیقت پوشیدہ ہے: ماں کی ممتا، جو ہر مخلوق میں یکساں، لازوال اور ابدی ہے۔

# عورت کا وقار، قانون کی تعبیر اور انصاف کا امتحان

عبدالحلیم منصور

وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ □ اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوزِ دروں

کسی بھی مہذب معاشرے کی اصل پہچان اس کے بلند و بالا دعووں، مضبوط اداروں یا معاشی ترقی سے نہیں بلکہ اس امر سے ہوتی ہے کہ وہاں عورت کی عزت، وقار، آزادی اور جسمانی خودمختاری کو کس حد تک تحفظ حاصل ہے۔ ایک عورت صرف خاندان کی بنیاد نہیں بلکہ معاشرے کے اخلاقی شعور، تہذیبی شناخت اور آئینی اقدار کا مظہر بھی ہے۔ اسی لیے خواتین کے خلاف جنسی جرائم سے متعلق ہر عدالتی فیصلہ صرف ایک مقدمے کا فیصلہ نہیں ہوتا بلکہ وہ قانون، انصاف اور سماجی شعور کے باہمی تعلق پر بھی اثرانداز ہوتا ہے۔

9 جولائی 2026 کو پٹنہ ہائی کورٹ کے جسٹس پورنیندو سنگھ کے ایک فیصلے نے ملک بھر میں ایک اہم قانونی اور سماجی بحث کو جنم دیا۔ مقدمے کے مطابق ایک نوجوان خاتون کو فوٹو اسٹوڈیو کے اندر تنہا لے جاکر اس کے جسم کے حساس حصوں پر زبردستی دست درازی کی گئی، اس کا لباس اتارنے کی کوشش کی گئی، تاہم خاتون کی مزاحمت اور اس کے والد کی بروقت مداخلت کے باعث واقعہ آگے نہ بڑھ سکا۔ ٹرائل کورٹ نے ان حالات کو مجموعی طور پر دیکھتے ہوئے ملزم کو اقدامِ زیادتی کا مرتکب قرار دیا، لیکن پٹنہ ہائی کورٹ نے قرار دیا کہ اگرچہ ملزم کا طرزِ عمل سنگین اور قابلِ سزا ہے، تاہم استغاثہ یہ ثابت نہیں کرسکا کہ وہ قانون کی نظر میں اقدامِ زیادتی کے مرحلے تک پہنچ چکا تھا۔ چنانچہ عدالت نے اقدامِ زیادتی سے متعلق سزا ختم کرتے ہوئے معاملے کو تعزیرات کی دفعہ 354 کے دائرے میں قرار دیا۔

اس فیصلے پر رائے قائم کرنے سے پہلے ایک اصولی بات ذہن میں رہنی چاہیے۔ عدلیہ کا احترام اور عدالتی فیصلوں کا قانونی و آئینی تجزیہ ایک دوسرے کی ضد نہیں۔ آئینی جمہوریت میں عدالتیں قانون کی تشریح کرتی ہیں، جبکہ ان تشریحات پر دلیل، نظائر اور آئینی اصولوں کی روشنی میں بحث کرنا بھی انصاف کے ارتقا کا حصہ ہوتا ہے۔ اس لیے اس فیصلے سے اختلاف یا اتفاق، دونوں ہی شائستگی، قانون اور ذمہ داری کے دائرے میں ہونے چاہئیں۔

اصل سوال یہ ہے کہ اقدامِ زیادتی (عصمت دری کی کوشش) کی قانونی حد کہاں سے شروع ہوتی ہے؟ اگر کسی عورت کو تنہائی میں لے جاکر اس کے جسم پر زبردستی دست درازی کی جائے، اس کا لباس اتارنے کی کوشش کی جائے اور جرم صرف اس کی مزاحمت یا کسی تیسرے شخص کی مداخلت کے باعث مکمل نہ ہوسکے، تو کیا ایسے پورے واقعے کو ایک مربوط مجرمانہ عمل سمجھا جائے یا ہر حرکت کو الگ الگ دیکھ کر اس کی قانونی حیثیت متعین کی جائے؟ یہی وہ بنیادی سوال ہے جس نے اس فیصلے کو غیر معمولی اہمیت دے دی ہے۔

سپریم کورٹ نے مختلف مقدمات میں واضح کیا ہے کہ ”تیاری“ (Preparation) اور ”اقدام“ (Attempt) کے درمیان فرق ہر مقدمے کے مخصوص حالات سے طے ہوتا ہے۔ عدالت کو صرف یہ نہیں دیکھنا ہوتا کہ آخری مرحلہ طے ہوا یا نہیں، بلکہ یہ بھی جانچنا ہوتا ہے کہ ملزم کی نیت، اس کے مسلسل اقدامات اور جرم کے نامکمل رہ جانے کی وجوہات کیا تھیں۔ اگر جرم ملزم کے ارادے سے نہیں بلکہ متاثرہ خاتون کی مزاحمت یا بیرونی مداخلت کی وجہ سے رکا ہو تو یہ حقیقت بھی قانونی تجزیے کا حصہ بنتی ہے۔

اسی تناظر میں پٹنہ ہائی کورٹ کے فیصلے پر دو مختلف قانونی آراء سامنے آئی ہیں۔ ایک رائے یہ ہے کہ اقدامِ زیادتی جیسے سنگین جرم میں سزا دینے کے لیے شک سے بالاتر اور نہایت مضبوط ثبوت ضروری ہیں، اس لیے عدالت نے فوجداری قانون کے بنیادی اصولوں پر عمل کیا۔ دوسری رائے یہ ہے کہ ایسے مقدمات میں صرف انفرادی حرکات نہیں بلکہ واقعات کے مکمل تسلسل، ملزم کے ارادے اور جرم کی سمت میں اس کی عملی پیش رفت کو بھی برابر اہمیت دی جانی چاہیے۔ یہی اختلاف اس مقدمے کو ایک اہم قانونی مباحثے میں تبدیل کرتا ہے، جس کا اثر مستقبل کی عدالتی تشریحات پر بھی پڑسکتا ہے۔

یہ بحث صرف تعزیرات کی چند دفعات تک محدود نہیں۔ ہندوستانی آئین کا آرٹیکل 14 مساوات، آرٹیکل 15 صنفی امتیاز کے خاتمے اور آرٹیکل 21 باوقار زندگی کی ضمانت دیتا ہے۔ سپریم کورٹ نے متعدد فیصلوں میں واضح کردیا ہے کہ عورت کی رضامندی، جسمانی خودمختاری اور انسانی وقار، آئین کے بنیادی تصورات میں شامل ہیں۔ اسی لیے جنسی جرائم سے متعلق ہر عدالتی تعبیر میں قانون کی سختی کے ساتھ آئین کی روح اور انسانی وقار کو بھی یکساں اہمیت دینا ناگزیر ہے۔

قانون کا بنیادی اصول یہ ہے کہ کسی شخص کو محض قیاس، جذبات یا عوامی دباؤ کی بنیاد پر مجرم قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اسی طرح یہ بھی اتنا ہی اہم اصول ہے کہ جنسی جرائم کی تشریح اس انداز میں نہ ہو جس سے عورت کے وقار، جسمانی خودمختاری اور احساسِ تحفظ کے بارے میں کوئی غلط پیغام جائے۔ انصاف کا حقیقی تقاضا یہی ہے کہ ان دونوں اصولوں کے درمیان ایسا متوازن راستہ اختیار کیا جائے جس میں نہ کسی بے گناہ کے حقوق مجروح ہوں اور نہ کسی متاثرہ خاتون کے ساتھ انصاف کے تقاضے کمزور پڑ جائیں۔

یہ مقدمہ محض ایک عدالتی تنازع نہیں بلکہ ایک بڑے سماجی سوال کی بھی نشاندہی کرتا ہے۔ کیا ہمارا قانونی اور سماجی شعور عورت کے جسم کو اس کی اپنی خودمختار شخصیت کا حصہ سمجھتا ہے، یا اب بھی بعض رویوں میں اسے مرد کی خواہشات کے تابع ایک وجود کے طور پر دیکھا جاتا ہے؟ یہ سوال اس لیے اہم ہے کہ جنسی جرائم کا اثر صرف جسم تک محدود نہیں رہتا بلکہ وہ عورت کی عزتِ نفس، نفسیاتی سکون، سماجی اعتماد اور شخصی آزادی کو بھی گہرائی سے متاثر کرتا ہے۔ دنیا بھر میں جدید قانونی فکر اسی بنیاد پر انسانی وقار کو فوجداری قانون کا مرکزی اصول قرار دیتی ہے۔

ہندوستان میں خواتین کے حقوق سے متعلق قانون بھی مسلسل ارتقا کے عمل سے گزرا ہے۔ 1972 کے متھورا مقدمے سے لے کر 2012 کے نربھیا سانحے اور اس کے بعد جسٹس جے۔ ایس۔ ورما کمیٹی کی سفارشات اور 2013 کی قانونی اصلاحات تک، ہر مرحلے نے قانون کو زیادہ حساس، واضح اور مؤثر بنانے کی کوشش کی۔ اس تاریخی پس منظر کو سامنے رکھا جائے تو پٹنہ ہائی کورٹ کا حالیہ فیصلہ بھی اسی ارتقائی قانونی سفر کی ایک کڑی دکھائی دیتا ہے، جس پر سنجیدہ قانونی مکالمہ فطری اور ضروری ہے۔

اس مقدمے کا سب سے اہم سبق یہ ہے کہ اقدامِ زیادتی جیسے جرائم کا تعین کرتے وقت کسی ایک فعل کو الگ تھلگ دیکھنے کے بجائے پورے واقعے کے تسلسل، ملزم کے طرزِ عمل، اس کی نیت اور جرم کے نامکمل رہ جانے کی اصل وجہ کو مجموعی طور پر جانچا جانا چاہیے۔ اگر جرم صرف متاثرہ خاتون کی مزاحمت یا کسی تیسرے شخص کی بروقت مداخلت کے باعث مکمل نہ ہوسکا ہو تو اس پہلو کو بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ البتہ اس کے ساتھ یہ اصول بھی ہر حال میں برقرار رہنا چاہیے کہ کسی شخص کو سنگین فوجداری جرم میں سزا صرف مضبوط، قابلِ اعتماد اور شک سے بالاتر شواہد کی بنیاد پر ہی دی جاسکتی ہے۔ یہی انصاف کا بنیادی تقاضا ہے۔

اس فیصلے سے اتفاق ہو یا اختلاف، ایک حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ عورت کی عزت، رضامندی اور جسمانی خودمختاری محض تعزیرات کی چند دفعات کا موضوع نہیں بلکہ آئین کی روح، انسانی حقوق کی بنیاد اور ایک مہذب معاشرے کی اخلاقی ذمہ داری ہے۔ عدالتوں کا فرض صرف قانون کی تشریح کرنا نہیں بلکہ ایسے قانونی اصول وضع کرنا بھی ہے جو انصاف پر اعتماد کو مضبوط کریں اور یہ پیغام دیں کہ ہر عورت کی حرمت ریاست کی ذمہ داری ہے۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ اس فیصلے کو محض تائید یا مخالفت کے زاویے سے نہ دیکھا جائے بلکہ اسے اس سوال پر سنجیدہ غور و فکر کا موقع سمجھا جائے کہ جنسی جرائم سے متعلق ہمارے قانونی معیار عصرِ حاضر کے تقاضوں، آئینی اقدار اور عورت کے وقار کے تصور سے کس حد تک ہم آہنگ ہیں۔ اگر اس بحث کے نتیجے میں سپریم کورٹ مزید واضح رہنما اصول فراہم کرتی ہے یا قانون ساز ادارے ضروری قانونی وضاحتیں کرتے ہیں تو اس سے نہ صرف عدالتی یکسانیت مضبوط ہوگی بلکہ متاثرہ خواتین اور ملزمان، دونوں کے آئینی حقوق کے تحفظ میں بھی مدد ملے گی۔

آخرکار انصاف صرف قانون کی دفعات کا نام نہیں بلکہ انسانی وقار کے تحفظ کا دوسرا نام ہے۔ ایک منصفانہ ریاست وہی ہے جہاں قانون کی سختی، عدالتی غیر جانب داری اور عورت کی عزت و حرمت ایک دوسرے کے مدمقابل نہیں بلکہ ایک دوسرے کے محافظ ہوں۔ عورت کا وقار کسی رعایت کا محتاج نہیں؛ وہ آئین کی روح، انسانی تہذیب کی اساس اور ایک مہذب معاشرے کی پہچان ہے۔ یہی وہ اصول ہے جسے ہر عدالتی تعبیر، ہر قانونی اصلاح اور ہر سماجی رویے میں نمایاں ہونا چاہیے۔

haleemmansoor@gmail.com

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

